1188 ـ عورت کے ختنے کرنے کا حکم

سوال

کیا عورت کے ختنے کرنا سنت ہے، یا کہ بری عادت، میں نے ایك میگزین میں پڑھا تھا کہ کسی بھی شکل میں عورت کے ختنہ کرنا بری عادت ہے، اور طبی اعتبار سے مضر اور نقصان دہ ہے، اور بعض اوقات تو بانجھ پن پیدا کر دیتا ہے، کیا یہ بات صحیح ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ابن آدمی کی بیٹیوں کا ختنہ کرنا سنت ہے، نہ کہ بری عادت، اور اگر یہ اعتدال سے کیا جائے تو نقصان دہ اور مضر نہیں ہے، لیکن اگر اس میں غلو سے کام لیتے ہوئے زیادہ کر دیا جائے تو اس سے نقصان اور ضرر پیدا ہو سکتا ہے.